SWL-1-24

## H.S.S.C (12th) 1st Annual 2024

★★★ رولنمبر اُمیدوار خود لکھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اردو (لازمی) | گروپ : پہلا | پرچہ: II | معروضی (iv) | Paper Code 8 0 2 7 | نمبر: 20 | وقت: 20 منٹ

نوٹ:-ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔
ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۔1

# حِصّہ اول

| جزو۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| الف) | دُرست جواب کا انتخاب کیجئے | | | | (05) |
| .1 | ڈاکٹر زیدی کے معالج (ڈاکٹر) کا نام تھا۔ | برہان | سلیمان | فرقان | نعمان |
| .2 | صحن نے اکبری کو آزار بند کی قیمت بتائی۔ | دو آنے | چار آنے | چھ آنے | آٹھ آنے |
| .3 | کابل شہر کے درمیان سے دریا بہتا ہے۔ | دریائے کنہار | دریائے کابل | دریائے ہرات | دریائے آمو |
| .4 | محمد بن قاسم نے بصرہ میں قیام کیا۔ | ایک دن | دو دن | تین دن | چار دن |
| .5 | "قرطبہ کا قاضی" صنف کے اعتبار سے ہے۔ | داستان | ناول | افسانہ | ڈراما |
| ب) | مطابقت اور حروف کے دُرست استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انتخاب کیجئے۔ | | | | (05) |
| .6 | سب کچھ یہیں رہ۔۔۔۔۔۔ | جائیں گے | جائے گی | جائے گا | جاؤ گے |
| .7 | میں نے کاغذ، قلم اور ایک دوات۔۔۔۔۔۔ | خریدیں | خریدو | خریدے | خریدی |
| .8 | اسد کامیاب ہوگا۔۔۔۔۔۔اس نے محنت کی ہے۔ | کیوں کہ | چوں کہ | اگر | کہ |
| .9 | وہ خوبصورت ہے۔۔۔۔۔۔خوب سیرت نہیں۔ | ورنہ | جب کہ | مگر | افسوس |
| .10 | ۔۔۔۔۔۔مہربانی اس کی مدد کرو۔ | بوجہ | براہ | برائے | بابت |

(ورق الٹیے)



| جزو۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| (ج) | رموزِ اوقاف کے مطابق دُرست انتخاب کیجئے۔ | | | | (05) |
| .11 | کسی کے قول کو مِن وعَن نقل کرتے ہوئے علامت لکھتے ہیں۔ | واوین کی | ندائیہ کی | سوالیہ کی | وقفے کی |
| .12 | استفہامیہ جملے کے آخر میں علامت آئے گی۔ | ندائیہ کی | سوالیہ کی | سکتہ کی | ختمہ کی |
| .13 | سکتہ کا دوسرا نام ہے۔ | وقفِ خفیف | وقفِ مطلق | استعجابیہ | سوالیہ |
| .14 | قوسین کی بجائے جملہ معترضہ میں علامت استعمال ہو سکتی ہے۔ | واوین | ندائیہ | خط | سکتہ |
| .15 | وقفِ مطلق کی علامت ہے۔ | ! | ، | : | – |
| (د) | دُرست جملے کا انتخاب کیجئے جس میں دیا گیا مصدر بطور امدادی فعل استعمال ہوا ہو۔ | | | | (05) |
| .16 | آنا: | مہمان کا آنا نعمت ہے | تیرا آنا محبت کی علامت ہے | جب بلاؤں، چلے آنا | بچے کو سبق آنا چاہیئے |
| .17 | لگنا: | چوٹ ایسی لگی کے ہوش نہ رہا | وہ ملتے ہی ہنسنے لگا | بارش لگی ہوئی ہے | تم ہنسو تو اچھے لگتے ہو |
| .18 | ہونا: | تیرا ہونا بھی اک نعمت ہے | دل جوئی سے کیا ہوتا ہے! | دھوکہ تو ہونا ہی تھا | آپ کو کہیں دیکھا ہوا ہے |
| .19 | نکلنا: | گلی میں آج چاند نکلا | میں اس کی گلی میں جانکلا | وہ تو چور نکلا | اب یہاں سے نکلنا چاہیئے |
| .20 | اُٹھنا: | جلدی جاگ اٹھنا | اب تو اٹھنا مشکل ہے | محفل سے اٹھنا پڑے گا | غم اٹھانا مشکل ہے |



www.pakcity.org

SWL-1-24

رول نمبر اُمیدوار خود لکھے ............

**HSSC (12th) 1st Annual 2024**

**اُردو** (لازمی) | گروپ: پہلا | پرچہ: II | انشائی | نمبر: 80 | وقت: 2:40 گھنٹے

## حصہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+8)

سراپا مَعصِیّت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے — خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اُس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اُس کی رحمت تھی — کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+3+3+3)

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
عشرتِ پارۂ دل، زخمِ تمنا کھانا — لذتِ ریشِ جگر، غرقِ نمکداں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ — ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

## حصہ سوم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) مسلمانوں کا نصب العین اسلام ہے۔ وہ اسلام نہیں جس کا ڈنکا مطلق العنان بادشاہوں اور خود غرض اُمرا نے بجایا بلکہ وہ اسلام جس کا حامل قرآن ہے، جس نے صرف اُن دیکھے خدا کے آگے سر جھکانا سکھایا۔ وہ اسلام جس کا نمونہ آنحضرت ﷺ اور خلفائے راشدین کے عہد میں مسلمانوں کی زندگیوں میں نظر آتا ہے۔ وہ سچائی، وہ دلیری، وہ خود اعتمادی، وہ انکسار و امن پسندی، وہ محنت و مساوات، وہ صبر و تقویٰ، وہ مسلم و غیر مسلم سب کی خدمت، سب کے حقوق کا تحفظ، سب سے رواداری اور محبت! یہ ہے پاکستان کے مسلمانوں کا نصب العین۔

(ب) اس ایسٹ ویسٹ سینٹر کے علاوہ یونیورسٹی کا میلوں میں پھیلا ہوا احاطہ بھی ایک دیدہ زیب سبزہ زار ہے۔ ہر قدم پر گل آویزاں روشیں اور بتدریج باڑیں، لیکن اس کے علاوہ جو سب سے دل پذیر عنصر اس فضا میں پایا جاتا تھا وہ تھا بین الاقوامی طلبا کا ربط ضبط۔ جنوبی بحر الکاہل سے لے کر جاپان، انڈونیشیا، برما، ملایا، فلپائن، کوریا، ویتنام، فجی کے جزائر، آسٹریلیا، پاکستان، ہندوستان، یورپ اور امریکہ کے جواں سال جویندگانِ علم، یہ معاشرتی تنوع بھی ایک تعلیمی حیثیت رکھتا تھا۔

4. کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (الف) دستک (ب) ایوب عباسی (10=1+9)

5. اکبر الہ آبادی کی نظم 'خدا ابرِ سبز رکھے اس چمن کو، مہرباں ہو کر' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

i. میرا نصب العین ii. جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی iii. مغربی تہذیب اور اس کے اثرات

7. ایک پرانے کرنسی نوٹ کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ (10)

307-424-1A-24000

www.pakcity.org

EDUCATION
pakcity.org

★★★ رولنمبر اُمیدوار خود لکھے ______

# H.S.S.C (12th) 1st Annual 2024

**اُردو** (لازمی) | گروپ: دوسرا | پرچہ :II | معروضی (iii) | Paper Code 8 0 2 6 | نمبر: 20 | وقت: 20 منٹ

نوٹ:-ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۔1 SWL-2-24

## حصّہ اول

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔ | | | | (05) |
| .1 | سرسید احمد خاں کا ______ میں انتقال ہوا۔ | 1898ء | 1899ء | 1911ء | 1915ء |
| .2 | "ھوائی" ______ کی ریاست ہے۔ | برطانیہ | جاپان | امریکہ | روس |
| .3 | قادسیہ کی جنگ میں ______ کو شکست ہوئی۔ | رومیوں | ایرانیوں | جرمنوں | مسلمانوں |
| .4 | عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے غلام کا نام ______ تھا۔ | عبدالملک | مسلمہ | مزاحم | عبداللہ |
| .5 | کُٹنی نے اکبری سے جھوٹے موتیوں کے ______ روپے طلب کیے۔ | چالیس | پچاس | ساٹھ | ستّر |
| (ب) | مطابقت اور حروف کے دُرست استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انتخاب کیجیے۔ | | | | (05) |
| .6 | ______ وہ غریب ہے مگر ایماندار ہے۔ | چوں کہ | بلکہ | کیوں کہ | اگرچہ |
| .7 | احمد پر یقین کر لو ______ وہ دھوکہ باز نہیں۔ | بلکہ | اگرچہ | چوں کہ | کیوں کہ |
| .8 | "ادبی دنیا" شائع ہو ______ | گیا | گئی | گئے | گئیں |
| .9 | بہرام نے گھوڑا گاڑی خرید ______ | لیے | لیں | لی | لیا |
| .10 | درخت سے طوطے اور چڑیاں اُڑ ______ | گئے | گئیں | گئی | گیا |



| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| (ج) | رموزِ اوقاف کے مطابق دُرست انتخاب کیجیے۔ | | | | (05) |
| .11 | سکتہ کہتے ہیں۔ | زیادہ ٹھہراؤ | مختصر ترین ٹھہراؤ | مکمل ٹھہراؤ | سوال کرنا |
| .12 | وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت ہے۔ | قوسین | واوین | رابطہ | سوالیہ |
| .13 | (!) کی علامت ہے۔ | رابطہ | وقفہ | ندائیہ | ختمہ |
| .14 | تم کب آؤ گے ______ | ؟ | ۔ | ؛ | ! |
| .15 | مختصر ترین ٹھہراؤ کی علامت ہے۔ | ، | ؛ | ۔ | ؟ |
| (د) | دُرست جملے کا انتخاب کیجیے جس میں دیا گیا مصدر بطور امدادی فعل استعمال ہوا ہو۔ | | | | (05) |
| .16 | دینا: | یہ کتاب شاہد کو دینا | اب اِس بات کو جانے دو | یہ حکم کس نے دیا ہے؟ | فقیر کو روٹی دو |
| .17 | آنا: | خط ملتے ہی گھر چلے آؤ | آپ کہاں سے آئے ہیں؟ | آپ کب تک آئیں گے؟ | اسلم آج نہیں آیا |
| .18 | پڑنا: | بچہ بھاگتے ہوئے گر پڑا | تم یہیں پڑے رہو | یہ کس کا بیگ پڑا ہے؟ | کتاب میز پر پڑی ہے |
| .19 | اُٹھنا: | آپ کب اُٹھے؟ | یہاں سے اُٹھ جاؤ | دفتری عملہ اُٹھ نہ جائے | حارث درد سے چلّا اُٹھا |
| .20 | رکھنا: | یہ رقم اپنے پرس میں رکھو | کھانا بھوک رکھ کر کھانا | میری نصیحت یاد رکھنا | بچوں نے آسمان سر پر اُٹھا رکھا |

www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار خود لکھے............

## H.S.S.C (12th) 1st Annual 2024

اُردو (لازمی) | گروپ : دوسرا | پرچہ : II انشائی SWL-2-24 | نمبر: 80 | وقت: 2:40 گھنٹے

### حصّہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+8)

پہنچتا ہے ہر ایک مے کش کے آگے دورِ جام اس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا

گواہی دے رہی ہے اُس کی یکتائی پہ ذات اُس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے، ہے سچا ایک نام اُس کا

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+3+3+3)

اے طائرِ لاہُوتی! اُس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اَولیٰ
ہو جس کی فقیری میں بُوئے اسدُاللّٰہی

آئینِ جوانمرداں حق گوئی و بے باکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں رُوباہی

### حصّہ سوم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی حکومت وسلطنت کا اصل اصول مساوات اور جمہوریت تھا۔ یعنی یہ کہ تمام لوگ یکساں حقوق رکھتے ہیں اور بادشاہ کو کسی پر کسی قسم کی ترجیح حاصل نہیں۔ صرف ملکی امور میں نہیں بلکہ معاشرت اور ذاتی زندگی میں بھی عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ اس کا لحاظ رکھتے تھے۔ ان کے کھانے کا طریقہ یہ تھا کہ عام مسلمانوں کیلئے جو لنگر خانہ تھا اس میں ایک درہم روز بھیج دیا کرتے تھے اور وہیں جاکر عام مسلمانوں کے ساتھ کھالیتے تھے۔

(ب) ایسٹ ویسٹ سنٹر اور ہوائی کی یونیورسٹی میں یوں تو ارضی قربت ہے لیکن ازلی رقابت بھی ہے۔ کسی حد تک یہ رقابت صحت مند بھی ہے۔ امریکہ کے بہترین پروفیسر اور اعلیٰ ذہن سردی گرمی لیکچر کیلئے بلائے جاتے ہیں۔ طرح طرح کی نمائشیں، فلم، جشن منائے جاتے ہیں۔ اس کی جدید عمارات کے سامنے لمبی سے لمبی موٹریں جو آدھی طلبہ کی اور آدھی پروفیسروں کی ہوتی ہیں، امریکہ کی افراط کا صحیح ثبوت ہیں۔

4. کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (الف) نواب محسن الملک (ب) ایک سفر نامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے (10=1+9)

5. مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

i. اتحاد بین المسلمین کی ضرورت اور اہمیت ii. اُردو ذریعہ تعلیم iii. سیلاب کی تباہ کاریاں

7. اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنی حالیہ مصروفیات اور مشاغل کو بیان کیجیے۔ (10)

308-424-1A-23000

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

Roll No. ☐☐☐☐☐☐ (اُمیدوار خود پُر کرے)

وقت : 20 منٹ | **H.S.S.C (12th) 1st Annual 2023** | اُردو (لازمی)

نمبر : 20 | معروضی-(iv) | گروپ : پہلا | پرچہ: II

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

SWL-12-1-23

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

سوال نمبر۔1 — حصہ اول

**(الف) دُرست جواب کا انتخاب کیجئے (05)**

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | الٰہی! آج کا ----- یہ کیا دیکھ رہا ہے ؟ | زمانہ | آسمان | آفتاب | چاند |
| .2 | دمشق سے روانگی کے وقت محمد بن قاسم کی فوج کی کل تعداد تھی۔ | تین ہزار | چار ہزار | پانچ ہزار | چھ ہزار |
| .3 | 'تمہاری نیکیاں زندہ تمہاری خوبیاں باقی' سے کس سبق کا آغاز ہوتا ہے؟ | قرطبہ کا قاضی | تشکیلِ پاکستان | دستک | ایوب عباسی |
| .4 | ڈراما 'دستک' میں کردار ہیں۔ | دو | تین | چار | پانچ |
| .5 | مولوی نذیر احمد نے تعلیم حاصل کی؟ | فورٹ ولیم کالج سے | دہلی کالج سے | علی گڑھ کالج سے | ایمرسن کالج سے |

**(ب) مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔ (05)**

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .6 | میں نے چار پینسلیں اور ایک قلم ---- | خریدیں | خریدے | خریدا | خریدی |
| .7 | یونیورسٹی میں لڑکے اور لڑکیاں اکٹھے تعلیم حاصل ---- | کرتی ہے | کرتا ہے | کرتیں ہیں | کرتے ہیں |
| .8 | گھر عورت کی سلطنت ---------- | ہوتی ہے | ہوتا ہے | ہوتے ہیں | ہوتیں ہیں |
| .9 | لڑکیوں نے کہا ہم ---------- | آتی ہیں | آتے ہیں | آتیں ہیں | آتی ہوں |
| .10 | یہ عورت بڑی ---------- ہے | لڑاکو | لڑاکی | لڑاکن | لڑاکا |

**(ج) رموزِ اوقاف کے اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔ (05)**

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .11 | ( ) یہ علامت ہے۔ | واوین کی | سوالیہ کی | ختمہ کی | قوسین کی |
| .12 | رابطہ کو ---- بھی کہا جاتا ہے۔ | وقفِ خفیف | وقفِ جلی | وقفِ لازم | وقفِ لطیف |
| .13 | " " یہ علامت ہے۔ | ندائیہ کی | استفہامیہ کی | واوین کی | ختمہ کی |
| .14 | خوشی کے جذبات کے اظہار کے لیے علامت لگاتے ہیں۔ | رابطہ کی | واوین کی | ختمہ کی | فجائیہ کی |
| .15 | قوسین کو ---- بھی کہا جاتا ہے۔ | خطوطِ عرض بلد | خطوطِ متوازی | خطوطِ انحراف | خطوطِ وحدانی |

**(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔ (05)**

| | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|
| .16 رکھنا | یہ کتاب کہاں رکھی ہے؟ | کتاب الماری میں رکھی ہے | آج میں نے روزہ رکھا ہے | بچوں نے شور مچا رکھا ہے |
| .17 چاہنا | مجھے انجیر چاہیے | آپ کیا چاہتے ہیں؟ | مسلمان کو ہمیشہ سچ بولنا چاہیے | وہ چائے کا پیکٹ چاہتا ہے |
| .18 سکنا | مریض پر سکتہ طاری ہو گیا | میں کار چلا سکتا ہوں | سکتہ مختصر ٹھہراؤ کا نام ہے | وقفہ اور سکتہ علامات ہیں |
| .19 لگنا | بچے کو گرمی لگی ہے | مجھے آپ کی بات اچھی نہیں لگی | بادِ صبا کے چلتے ہی پھول کھلنے لگے | آج شہر میں کرفیو لگ گیا ہے |
| .20 اُٹھنا | صبح سویرے جلدی اُٹھو | تم محفل سے کیوں اُٹھے؟ | آسٹریلیا کے جنگل میں آگ بھڑک اُٹھی | اس نے صرف ضروری سامان اٹھایا |

www.pakcity.org

Roll No.

(امیدوار خود پر کرے)

اُردو (لازمی) **H.S.S.C (12th) 1st Annual 2023** وقت : 2:40 گھنٹے

پرچہ : II گروپ : پہلا انشائی SWL-11-1-23 نمبر : 80

حصہ دوم

2۔ (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+4+4)

یُونہی یہ گردِ سر راہ خُوش نما تارے رواں ہیں جن کی جبینوں سے حُسن کے دھارے

زمیں کا نور ہیں اور آسماں کی زینت ہیں کسی کی شوخیٔ رفتار کی علامت ہیں

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+3+3+3)

تو شریکِ سُخن نہیں ہے تو کیا ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے تیری آواز آ رہی ہے ابھی

شہر کی بے چراغ گلیوں میں زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

حصہ سوئم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) "وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں اُن کی سیاست دانی، تدبر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رَسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبر اُن کا لوہا مان گئے تھے۔"

(ب) دنیا کے حسین سفر ہمیشہ مجھ پر مسلط رہے ہیں یہ ایک اور سہی۔ کچھ اتنے لمبے ہوائی سفر کا ڈر، کچھ ایک صاحبہ نے ڈرایا کہ ٹوکیو سے ہونولولو تک نیچے بحر الکاہل ہوتا ہے اور اوپر خدا۔ کہیں زمین کا ذرا سا ٹکڑا بھی ڈھارس کے لیے دکھائی نہیں دیتا اور معمول کے مطابق اگر طوفان آجائے تو پھر الامان! سفر اللہ اللہ کرتے گزرتا ہے۔ پیٹ میں ہَول اُٹھے۔ لیکن میرے میاں تو تین مہینے پہلے جا چکے تھے۔ اس لیے مراجعت ناممکن تھی۔ اوکھلی میں سر دیا تو ان دھمکوں سے کیا ڈرنا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ (10=1+9)

i. نواب محسن الملک ii. ایک سفر نامہ، جو کہیں کا بھی نہیں ہے۔

5۔ سیّد ضمیر جعفری کی نظم ' آدمی ' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) محسنِ انسانیت حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ (ii) کمپیوٹر کے فوائد اور نقصانات (iii) اقبال:- ایک عظیم شاعر

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر دیہی زندگی کے فوائد سے آگاہ کیجیے۔ (10)



www.pakcity.org

امیدوار خود پُر کرے    Roll No. | | | | | | |

**H.S.S.C (12th) 1st Annual 2023**

اُردو (لازمی)    وقت : 20 منٹ

پرچہ: II    گروپ : دوسرا    معروضی- (iv)    نمبر : 20

Paper Code | 8 | 0 | 2 | 8 |    SWL-12-2-23

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۔1    حصہ اول

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|

(الف) دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔ (05)

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | اکبری نے ازار بند کتنے کا خریدا؟ | دو آنے | چار آنے | چھ آنے | آٹھ آنے |
| .2 | حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کے غلام کا نام تھا؟ | کریم | رحیم | مزاحم | رستم |
| .3 | زبیر کو پھانسی کس نے دی؟ | اسلم نے | مجاہد نے | فیاض نے | قاضی نے |
| .4 | سرسید نے کالج کہاں کھولا؟ | علی گڑھ | دہلی | لکھنؤ | دیو بند |
| .5 | ہوائی کس ملک کی ریاست ہے؟ | برطانیہ | جاپان | امریکہ | ڈنمارک |

(ب) مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔ (05)

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .6 | ______ آپ چاہیں تو میری مدد کر سکتے ہیں۔ | خواہ | اگر | کیونکہ | جبکہ |
| .7 | تنویر ______ گاتی ہے۔ | اچھا | اچھی | اچھے | اچھوں |
| .8 | ہجوم نعرے لگا ______ | رہا ہے | رہے ہیں | رہی ہیں | رہی ہے |
| .9 | جلسے میں عورتیں بھی آئی ______ تھیں۔ | ہوئیں | ہوئی | ہوئے | ہو |
| .10 | وہ دولت مند ہے ______ دل کا چھوٹا ہے۔ | اور | چونکہ | کیونکہ | مگر |

(ج) رموزِ اوقاف کے اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔ (05)

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .11 | ختمہ کہتے ہیں۔ | مختصر ٹھہراؤ کو | مکمل ٹھہراؤ کو | سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کو | نامکمل ٹھہراؤ کو |
| .12 | ؛ علامت کہلاتی ہے۔ | سکتہ | وقفہ | رابطہ | ندائیہ |
| .13 | قوسین کی تعریف ہے۔ | جملہ معترضہ کی ادائیگی | مختصر ٹھہراؤ | طویل ٹھہراؤ | وقفہ |
| .14 | مُخففّات میں علامت استعمال ہوتی ہے۔ | سکتہ | ختمہ | رابطہ | سوالیہ |
| .15 | وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے۔ | رابطہ کی | سکتہ کی | ختمہ کی | تفصیلیہ کی |

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔ (05)

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .16 | رکھنا | قلم کہاں رکھا ہے | کتابیں میز پر رکھ دو | تنویر نے روزہ رکھنا ہے | ہم نے اسے سر پر بٹھا رکھا ہے |
| .17 | پانا | مجھے اسے پانا ہے | تم ضرور صلہ پاؤ گے | کیا تم یہ کام کر پاؤ گے؟ | میں نے اُسے پالیا |
| .18 | دینا | مجھے اپنی کتاب دو | کسی کو اُدھار مت دینا | یاسین کو یہ بات سمجھا دو | ذرا یہ قلم دینا |
| .19 | آنا | میرے پاس آؤ | ہشام یونیورسٹی چھوڑ آیا | صبح جلدی آنا | وہ کالج دیر سے آیا |
| .20 | ڈالنا | گلاس میں پانی ڈالو | سانپ کو مار ڈالو | جیب میں رقم ڈالو | لیٹر بکس میں خط ڈالنا |

www.pakcity.org
pakcity.org

Roll No. | | | | | | |

(امیدوار جوابی کاپی پر کرے)

وقت : 2:40 گھنٹے **H.S.S.C (12th) 1st Annual 2023** **اُردو** (لازمی)

80 : نمبر SWL-12-2-23 انشائی گروپ : دوسرا پرچہ : II

## حصہ دوم

2۔ (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+4+4)

سراپا معصیت میں ہوں ، سراپا مغفرت وہ ہے خطا کوشی روش میری ، خطا پوشی ہے کام اُس کا

میری افتادگی بھی میرے حق میں اُس کی رحمت تھی کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+3+3+3)

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

تُو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے تیری آواز آ رہی ہے ابھی

## حصہ سوئم

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) " ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسا کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰ رضی اللہ عنہ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔"

(ب) ایوب صاحب کا گھر بارہ مہینے تھرڈ کلاس کا مسافر خانہ بنا رہتا تھا، ہر طرح کے لوگ ٹھہرے ہوئے ہیں۔ بالخصوص اعزّہ اور دوستوں کے لڑکے۔ مجھے یقین ہے اور میں بلا خوفِ تردید کہہ سکتا ہوں کہ ایوب صاحب کے گھر میں قیام کر کے ان کے خرچ سے، اُن کی توجہ و محنت سے، اُن کے بل پر اعزّہ اور احباب کے جتنے لڑکوں نے علی گڑھ میں تعلیم حاصل کی ہوگی، اتنا اب تک کسی اور شخص سے نہ اب تک ہوا اور نہ شاید آئندہ ہو۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ (10=1+9)

i. محنت پسند خردمند ii. ہوائی

5۔ اسرار الحق مجاز لکھنوی کی نظم 'نوجوان سے خطاب' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اردو زبان کی اہمیت (ii) تعلیم نسواں (iii) کھیلوں کی افادیت

7۔ امتحان میں کامیابی کے بعد اپنے استادِ محترم کو شکریے کا خط لکھیے۔ (10)

308-423-1A-21000

www.pakcity.org

Roll No. | | | | | | (یہ دار خود پُر کرے)

**اُردو** (لازمی) **H.S.S.C (12th)-A-2022** وقت : 20 منٹ

پرچہ: II گروپ : پہلا معروضی- (ii) نمبر : 20

Paper Code | 8 | 0 | 2 | 3

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔
ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

سوال نمبر۔1 حصہ اول

(الف) دُرست جواب کا انتخاب کیجیے

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | حجن نے اکبری کو بھوپال کی کس بیگم کا قصہ سنایا ؟ | نور جہاں بیگم | بلقیس جہانی بیگم | شاہانی بیگم | حسن آرا بیگم |
| .2 | " پتھر نکال - ہمسر نکال " کس شاعر کی نظم ہے؟ | حفیظ تائب | مولانا ظفر علی خاں | مولانا حالیؔ | احسان دانش |
| .3 | محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ نے بصرہ میں کتنے دن قیام کیا؟ | تین دن | پانچ دن | دو دن | سات دن |
| .4 | ڈرامہ " دستک " میں بیگم زیدی کی عمر تھی۔ | ستاون سال | پچپن سال | پچاس سال | تیس سال |
| .5 | نصابی سبق "ہوائی" صنف نثر کے لحاظ سے ہے؟ | ناول | سفر نامہ | افسانہ | خاکہ |

(ب) مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .6 | میرا قلم کتابیں، بیگ سب کچھ چوری ________ ۔ | ہو گئی | ہو گئیں | ہو گیا | ہو گئے |
| .7 | ________ وہ دیر سے آیا اس لیے امتحان نہ دے سکا۔ | چونکہ | کیونکہ | البتہ | خواہ |
| .8 | ________ مہربانی میرا کام کر دو۔ | برائے | براہے | براہ | بر آں |
| .9 | کلیات راشد چھپ ________ ۔ | گئے | گئی | گیا | گئیں |
| .10 | میں نے حدیقہ ________ کتاب دی۔ | کو ہی | کو تو | جی کو | ہی کو |

(ج) رموزِ اوقاف کے اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .11 | ؛ یہ علامت ہے۔ | سکتہ کی | وقفہ کی | ختمہ کی | تفصیلیہ کی |
| .12 | کس جملے کے شروع میں کب، کیوں، کیا کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ | ندائیہ | تفصیلیہ | سوالیہ | استعجابیہ |
| .13 | ―― یہ علامت ہے۔ | خط کی | حرف کی | ختمہ کی | خط فاصل کی |
| .14 | رابطہ کا دوسرا نام ہے۔ | وقف نصف | وقف مطلق | وقفہ | وقفِ لازم |
| .15 | احمد علی (جس کے والد درزی تھے) بہت بڑا افسر بن گیا ہے۔ یہ جملہ نشاندہی کرتا ہے۔ | ندائیہ | واوین | جملہ معترضہ | تفصیلیہ |

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .16 | لگنا : | تم میرے کیا لگتے ہو | پیاس لگی ہے | میں آپ کو کیسا لگا | تیز دوڑ لگاؤ |
| .17 | لینا : | سودا لے آؤ | کھانا لاؤ | کتابیں خرید لاؤ | میں نے کھانا کھا لیا |
| .18 | کرنا : | استاد کا ادب کرو | یہ تم نے کیا کیا | ہر کام بسم اللہ پڑھ کر کرو | نماز پڑھو |
| .19 | سکنا : | تم سکتے میں ہو کیا | تم جاؤ گے | تم جا سکتے ہو | تمہارا سکنہ کہاں ہے |
| .20 | بیٹھنا : | بیٹھ جاؤ | تم بیٹھو میں آیا | گاڑی میں بیٹھ کر چلے جاؤ | چیخ سن کر وہ اٹھ بیٹھا |



www.pakcity.org

Roll No. (امیدوار خود پُر کرے)

وقت : 2:40 گھنٹے　　**H.S.S.C (12th)-A-2022**　　اُردو (لازمی)

نمبر : 80　　انشائی　　گروپ : پہلا　　پرچہ : II

SWL-G1-22

## حصہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+1+4+4

پریشان اگر قحط سے اِک جہاں ہے　　تو بے فکر ہیں کیونکر گھر میں سماں ہے

اگر باغِ اُمت میں فصلِ خزاں ہے　　تو خوش ہیں کہ اپنا چمن گل فشاں ہے

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+3+3+3

تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا　　ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے　　تیری آواز آرہی ہے ابھی

شہر کی بے چراغ گلیوں میں　　زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

## حصہ سوئم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) الغرض ہمت اور تحمل ان سب کو جنگلوں اور پہاڑوں میں لے گئے۔ کانوں کا کھودنا، اتار چڑھاؤ ہموار کرنا، تالابوں سے پانی سینچنا، دریاؤں کی دھاروں کا رخ پھیرنا، سب سکھایا لوگوں کے دلوں پر اس کی بات کا ایسا اثر ہوا تھا کہ سب دفعتہً کمریں باندھ، آنکھیں بند کر، دیمک کی طرح روئے زمین کو لپٹ گئے۔

(ب) بولے، مجھے افسوس ہے کہ میں نے ساری عمر ڈنمارک میں گزار کر السی نور آج تک نہیں دیکھا۔ ہم نے یہ کہ کر ان کی ڈھارس بندھائی کہ ہم نے بھی کراچی میں آدھی عمر گزار دی ہے لیکن منگھو پیر نہیں گئے۔ زیادہ تفصیل میں ہم نہیں گئے تاکہ ہمارا منگھو پیر ان کے السی نور کے مقابلے میں کچانہ پڑجائے۔ یہ ڈاکٹر گلبرگ تھے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ 10=1+9

(i) ایوب عباسی　　(ii) قرطبہ کا قاضی

5. سید ضمیر جعفری کی نظم "آدمی" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) خدمتِ خلق عین عبادت ہے　　(ii) اردو ہماری قومی زبان　　(iii) وقت کی اہمیت

7. چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کیجیے۔ 10

www.pakcity.org

(امیدوار خود پُر کرے) Roll No. | | | | | | |

**اُردو** (لازمی) **H.S.S.C (12th)-A-2022** وقت : 20 منٹ

پرچہ: II گروپ : دوسرا معروضی- (ii) نمبر : 20

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ:-ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔
ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

SOL-G2-22

سوال نمبر۔1 حصہ اول

| جزو۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| **(الف)** | **دُرست جواب کا انتخاب کیجئے** | | | | |
| .1 | ڈاکٹر زیدی کی عمر کتنی تھی؟ "بحوالہ دستک"۔ | تیس سال | چالیس سال | پچاس سال | پچپن سال |
| .2 | علی گڑھ کالج کب یونیورسٹی کے درجے تک پہنچ گیا؟ | 1910 | 1920 | 1930 | 1940 |
| .3 | "محنت پسند خرد مند" بیٹا تھا۔ | احتیاج وافلاس کا | اُمید کا | ہنر مندی کا | کمال کا |
| .4 | دمشق سے روانگی کے وقت محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ کی فوج کی تعداد تھی۔ | تین ہزار | پانچ ہزار | سات ہزار | دس ہزار |
| .5 | اُمِّ عمر حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی تھیں۔ | والدہ | بہن | بیٹی | پھوپھی |
| **(ب)** | **مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔** | | | | |
| .6 | خُدا ہی ملا ________ وصالِ صنم۔ | تو | خواہ | اگر | نہ |
| .7 | عورتوں نے کہا: "ہم بازار جائیں ________۔" | گے | گی | گا | گئیں |
| .8 | ________ وہ بیمار ہے اس لیے کالج نہ آیا۔ | لہذا | کیونکہ | چونکہ | البتہ |
| .9 | درخت سے طوطے اور چڑیاں اُڑ ________۔ | گئے | گیا | گئیں | گا |
| .10 | ہجوم نعرے لگا ________۔ | رہا ہے | رہے ہیں | رہو ہو | رہتے ہیں |
| **(ج)** | **رموزِ اوقاف کے اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔** | | | | |
| .11 | سکتہ اور وقفہ سے زیادہ ٹھہرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے: | قوسین | سوالیہ | رابطہ | واوین |
| .12 | خط کی علامت ہے: | " " | ؛ | ____ | ! |
| .13 | کسی کا قول لکھا جاتا ہے: | قوسین میں | واوین میں | ندائیہ میں | فجائیہ میں |
| .14 | عبارت میں سب سے کم ٹھہراؤ کی علامت ہے: | سکتہ | وقفہ | رابطہ | سوالیہ |
| .15 | مکمل ٹھہراؤ کی علامت ہے: | وقفہ | سکتہ | ختمہ | خط |
| **(د)** | **امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔** | | | | |
| .16 | چکنا: | وہ نماز پڑھ چکا ہے | میرا حساب چکتا کر دو | تم یہ رقم چکا دینا | نیکی کا خوب بدلہ چکایا |
| .17 | کرنا: | آج تم کیا کرو گے؟ | تم کیا کر رہے ہو؟ | اپنا کام پورا کرو | بزرگوں کے پاس بیٹھا کرو |
| .18 | لگنا: | اُسے سردی نہیں لگتی | تم میرے کچھ نہیں لگتے | بچہ پیارا لگتا ہے | میں نماز پڑھنے لگا ہوں |
| .19 | آنا: | وہ امتحان دے آیا | میرے پاس آؤ | میرا آنا جانا لگا رہتا ہے | تم کہاں سے آئے ہو؟ |
| .20 | ڈالنا: | پانی ڈالو | کتاب پھاڑ ڈالی | اس نے نئی ریت ڈالی | اب نیا اچار ڈالو |

www.pakcity.org

Roll No. (اُمیدوار خود پُر کرے)

وقت : 2:40 گھنٹے    **H.S.S.C (12th)-A-2022**    اُردو (لازمی)

نمبر : 80    SWL-G2-22    انشائی    گروپ : دوسرا    پرچہ : II

## حصہ دوم

2۔ (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+1+4+4

صاحبِ خُلقِ عظیم و صاحبِ لُطفِ عمیم    صاحبِ حق ، صاحبِ شقّ القمر ، خیر البشر ﷺ

عرصۂ محشر میں وجہِ درگزر ، خیر البشر ﷺ    کار زارِ دہر میں وجہِ ظفر، وجہِ سکوں

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+3+3+3

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی    کھلتے ہیں غلاموں پر اَسرارِ شہنشاہی

عطّار ہو ، رُومی ہو ، رازی ہو غزالی ہو    کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

نومید نہ ہو اِن سے ، اے رہبرِ فرزانہ !    کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

## حصہ سوئم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) دِلّی کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد انہیں کوئی سرکاری ملازمت نہیں ملی تو سخت برہم ہوئے۔ پرنسپل سے جا کر ایک دن بولے؛ "مجھے سرکاری ملازمت اگر نہیں دی گئی تو اُپلوں کی ڈنڈی کھولوں گا اور اس پر دِلّی کالج کی سند لگا دوں گا" مگر اس کی نوبت نہیں آئی اور انہیں ملازمت مل گئی۔

(ب) وہ موجود تھے تو ان کی مثال نعائم فطرت کی تھی۔ مثلاً: ہوا، پانی، روشنی جو اس درجہ عام و ارزاں ہیں کہ اِن کی طرف توجہ مائل نہیں ہوتی لیکن اُن میں سے کسی میں کہیں سے کوئی فرق آجائے تو پھر دیکھیے کیسی کیسی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے اور یہی ناقابلِ التفات چیزیں کیسی نعمتیں بن جاتی ہیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ 10=1+9

i. نواب محسن الملک    ii. محنت پسند خرد مند

5۔ مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) قرآن مجید ایک مکمل ضابطہ حیات    (ii) بُری صحبت اور اس کے نقصانات    (iii) تعلیم نسواں

7۔ معاشرے میں بڑھتے ہوئے سٹریٹ کرائم کے خاتمے کے لیے ڈپٹی کمشنر کے نام خط لکھیے۔ 10



www.pakcity.org

SWL-G1-12-19

Roll No________________ Annual 2019

اردو (لازمی) — انٹر پارٹ II ، کلاس بارھویں ( III ) — پرچہ : II

وقت : 20 منٹ — (معروضی) — گروپ : I

**Code : 8025** — نمبر : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. (الف) دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ محنت پسند خرد مند بیٹا تھا۔
(A) ہمت اور تحمل کا (B) احتیاج اور افلاس کا (C) تدبیر اور مشورہ کا (D) حسد اور فریب کا

2۔ بھوپال کی بیگم کا نام تھا۔
(A) اصغری بیگم (B) اکبری بیگم (C) خورشید بیگم (D) بلقیس جہانی بیگم

3۔ " ہوائی " ریاست ہے۔
(A) برطانیہ کی (B) جاپان کی (C) امریکہ کی (D) ڈنمارک کی

4۔ سیرت العمرین کے مصنف ہیں۔
(A) شبلی نعمانی (B) علامہ ابن جوزی (C) سید سلیمان ندوی (D) مولانا حالی

5۔ " ایوب عباسی" کا تعلق تھا۔
(A) پنجاب یونیورسٹی سے (B) علی گڑھ یونیورسٹی سے (C) کراچی یونیورسٹی سے (D) پشاور یونیورسٹی سے

(ب) مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے

6۔ ہجوم نعرے لگا
(A) رہا تھا (B) رہے تھے (C) رہی تھی (D) رہیں تھیں

7۔ مال ، دولت ، جائیداد کچھ نہ
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہیں

8۔ ______ محنت کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔
(A) جب (B) اگرچہ (C) اگر (D) جیسے

9۔ باپ اور بیٹا خیریت سے لاہور پہنچ
(A) گیا (B) گئے (C) گئیں (D) گئی

10۔ وہ میرا دوست ہی نہیں ______ بھائی ہے۔
(A) جبکہ (B) بلکہ (C) حالانکہ (D) چنانچہ

(ج) رموز اوقاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

11۔ آپ کیا کھانا پسند کریں گے۔ علامت آئے گی۔
(A) سوالیہ (B) ندائیہ (C) فجائیہ (D) سکتہ

12۔ فجائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) پوچھنے کیلئے (B) جذبات کے اظہار کیلئے (C) مخاطب کیلئے (D) پکارنے کیلئے

13۔ " اللہ ایک ہے" میں علامت آتی ہے۔
(A) وقفہ (B) ختمہ (C) سوالیہ (D) تفصیلیہ

14۔ سکتہ اور وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کیلئے علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) قوسین (B) سوالیہ (C) رابطہ (D) واوین

15۔ پاکستان کے درج ذیل صوبے ہیں۔ علامت استعمال ہوگی۔
(A) : (B) ؟ (C) ۔ (D) !

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

16۔ چاہنا :
(A) جب دل چاہے آ جانا (B) چاہے جو مرضی کر لو وہ ہو رہ جائے گا (C) میں اسے بہت چاہتا ہوں (D) نماز کا وقت ہوا چاہتا ہے

17۔ لینا :
(A) اس نے کھلونا لیا (B) جلدی ناشتہ لے آؤ (C) وہ اخبار پڑھ لیتا ہے (D) وقت پر دوائی لینا

18۔ آنا :
(A) میرے پاس آؤ (B) اکرم کو سکول چھوڑ آؤ (C) صبح جلدی آنا (D) وہ کالج دیر سے آیا

19۔ دینا :
(A) علامہ اقبال نے خودی کا درس دیا (B) ذرا احمد کو آواز دو (C) آپ کو یہ کتاب کس نے دی؟ (D) غرور انسان کو خاک میں ملا دیتا ہے

20۔ اٹھنا :
(A) وہ درد سے بلبلا اٹھا (B) وہ صبح سویرے اٹھا (C) اسے جا کے اٹھاؤ (D) اب اٹھ بھی جاؤ

301 - 419 -24500 ☆☆☆

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

SWL-G1-12-19

Roll No______________ Annual 2019

اردو (لازمی) (انٹر پارٹ II، کلاس بارہویں) پرچہ : II

گروپ : I

وقت : 2.40 گھنٹے (انشائی) نمبر : 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجئے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 4+4+1+1=10

گواہی دے رہی ہے اُس کی یکتائی پہ ذات اُس کی دوئی کے نقش سب جھوٹے ، ہے سچا ایک نام اُس کا

ہر اک ذرہ فضا کا داستاں اُس کی سناتا ہے ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اُس کا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح الگ الگ کیجئے۔ شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 3+3+3+1=10

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی ، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

ہم کسی راہ سے واقف نہیں ، جوں نورِ نظر رہنما تو ہی تو ہوتا ہے ، جدھر جاتے ہیں

آہ! معلوم نہیں ، ساتھ سے اپنے شب و روز لوگ جاتے ہیں چلے ، سو یہ کدھر جاتے ہیں

## (حصہ دوم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 10+3+1+1=15

(الف) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطین بنی اُمیہ کی ناجائز کارروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطین بنی اُمیہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطین تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔

(ب) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاالملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مُسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں، یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے "ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کے چلا گیا"۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ 9+1=10

(i) نواب محسن الملک (ii) ہوائی

5۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ 20

(i) ماحولیاتی آلودگی ، اسباب اور تدارک (ii) معاشرے میں عورت کا مقام (iii) اتحادِ عالمِ اسلام

7۔ اپنے دوست کے نام اُس کے امتحان میں کامیابی پر مبارک باد کا خط تحریر کیجئے۔ 10

301 - 419 - 24500

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

SWL-GZ-12-19

Roll No________________ Annual 2019

اردو (لازمی)
وقت : 20 منٹ

( IV ) انٹر پارٹ II ، کلاس بارھویں
(معروضی)
**Code : 8028**

پرچہ : II
گروپ : II
نمبر : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. (الف) دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ جنگ قادسیہ میں مسلمانوں کے سپہ سالار تھے۔
(A) خالد بن ولیدؓ (B) سعدؓ بن وقاص (C) موسیٰ بن نصیر (D) طارق بن زیاد

2۔ نواب محسن الملک کا حیدر آباد دکن کے بورڈ آف ریونیو میں عہدہ تھا۔
(A) سربراہ (B) مشیر (C) ممبر (D) سپرنٹنڈنٹ

3۔ ڈاکٹر گلکرسٹ " ر " کا تلفظ کرتے تھے۔
(A) ڑ (B) ج (C) غ (D) ژ

4۔ ٹیلی وژن ایجاد ہے۔
(A) میکس ول کی (B) ہرٹز کی (C) جان بیرڈ کی (D) مارکونی کی

5۔ ظفر علی خان نے فوج میں ملازمت کی تھی۔
(A) پٹیالہ میں (B) آگرہ میں (C) علی گڑھ میں (D) حیدرآباد میں

(ب) مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

6۔ وہ فیل ہوگیا ______ اس نے محنت نہیں کی۔
(A) چونکہ (B) کیونکہ (C) اگرچہ (D) مگر

7۔ اگر محنت کرو گے _____ پاس ہو جاؤ گے۔
(A) یا (B) اور (C) تو (D) تب

8۔ _____ وہ سکول پہنچا تو بارش تھم چکی تھی۔
(A) اگر (B) چونکہ (C) تو (D) جب

9۔ گھر عورت کی سلطنت
(A) ہوتی ہے (B) ہوتا ہے (C) ہوتی ہیں (D) ہوتیں ہے

10۔ چار پلیٹیں ، تین گلاس اور ایک کپ ٹوٹ
(A) گئے (B) [illegible] (C) گئی (D) گئیں

(ج) رموز اوقاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

11۔ " " یہ علامت ہے۔
(A) تخلص (B) حاشیہ (C) خط (D) واوین

12۔ مخففات کے درمیان علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) سوالیہ (B) فجائیہ (C) سکتہ (D) ختمہ

13۔ ( ) یہ علامت ہے۔
(A) واوین (B) قوسین (C) فجائیہ (D) تفصیلیہ

14۔ (!) یہ علامت ہے۔
(A) فجائیہ (B) ختمہ (C) رابطہ (D) تفصیلیہ

15۔ جب کسی کو پکارا جائے تو علامت استعمال کرتے ہیں۔
(A) ختمہ (B) سوالیہ (C) خط (D) ندائیہ

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

16۔ نکلنا :
(A) خواب سچا نکلا (B) کاروبار چل نکلا (C) باہر نکل آیا (D) اصل بات کیا نکلی

17۔ دینا :
(A) ذرا پانی دینا (B) آواز تو دینا (C) سانپ کو مار دو (D) اشارے دے کر دیکھو

18۔ بیٹھنا :
(A) وہ بس میں بیٹھا (B) لڑکا بیٹھا ہوا تھا (C) وہ اپنی رقم گنوا بیٹھا (D) وہ کرسی پر بیٹھا

19۔ ڈالنا :
(A) پانی میں برف ڈالنا (B) ملازم نے فرش دھو ڈالا (C) پھول کی ڈالی کتنی پیاری ہے (D) شربت میں چینی ڈالو

20۔ کرنا :
(A) تم خط لکھا کرو (B) مولا! کرم کرنا (C) یہ کیا کر دیا (D) دعا کرتے رہو

302 - 419 - 18500 ☆☆☆☆

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

SWL-G2-12-19

Roll No______________ Annual 2019

اردو (لازمی) — (انٹر پارٹ II، کلاس بارھویں) — پرچہ : II

گروپ : II

وقت : 2.40 گھنٹے — (انشائی) — نمبر : 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4+4+1+1=10

ترا شباب امانت ہے ساری دُنیا کی — تُو خارزار جہاں میں گُلاب پیدا کر

سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا — تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3+3+3+1=10

وہی جہاں ہے ترا جس کو تُو کرے پیدا — یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

مہ و ستارہ سے آگے مقام ہے جس کا — وہ مُشتِ خاک ابھی آوارگانِ راہ میں ہے

خبر ملی ہے خُدایانِ بحر و بر سے مجھے — فرنگ رہ گزرِ سیلِ بے پناہ میں ہے

## (حصہ دوم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10+3+1+1=15

(الف) دوسروں سے کام لینے کا انہیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہرآمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی خوشی اُن کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی اُن کا سلوک ایسا تھا کہ وہ اُن کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے جیسے اُن کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔

(ب) دلّی کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد انہیں کوئی سرکاری ملازمت نہیں ملی تو سخت برہم ہوئے۔ پرنسپل سے جا کر ایک دن بولے: "مجھے سرکاری ملازمت اگر نہیں دی گئی تو اُپلوں کی ڈنڈی کھولوں گا اور اُس پر دلی کالج کی سند لگا دوں گا" مگر اس کی نوبت نہیں آئی اور انہیں ملازمت مل گئی۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ 9+1=10

(i) مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) دستک

5۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم "اسلامی مساوات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) حضور ﷺ بحیثیت معلم اخلاق (ii) دہشت گردی: ایک عالمی مسئلہ (iii) ہمارا نظام تعلیم

7۔ دوست کے نام خط لکھیے جس میں اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10

302 - 419 -18500

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

Roll No_______________ Annual 2018

اردو (لازمی) (I) انٹر پارٹ II ، کلاس بارھویں پرچہ : II

وقت : 20 منٹ (معروضی) گروپ : I

Code : 8021 نمبر : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. (الف) دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

i۔ اکبری کی شادی ہوئی تھی۔
(A) محمد عاقل سے (B) محمد کامل سے (C) محمد اکمل سے (D) محمد اجمل سے

ii۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کی پھوپھی کا نام تھا۔
(A) اُمِ عمارہ (B) اُمِ عمر (C) اُمِ کلثوم (D) اُمِ حبیبہ

iii۔ سبق "مولانا ظفر علی خاں" کس کتاب سے ماخوذ ہے؟
(A) چند ہم عصر (B) مردم دیدہ (C) گنج ہائے گراں مایہ (D) دھنک بر قدم

iv۔ قاضی یحییٰ بن منصور کے بیٹے کا نام تھا۔
(A) عبداللہ (B) برہان (C) زبیر (D) منصور

v۔ شاہد احمد دہلوی نے مولوی نذیر احمد کو آخری بار کتنی عمر میں دیکھا تھا؟
(A) تین برس کی (B) پانچ برس کی (C) سات برس کی (D) دس برس کی

(ب) مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

vi۔ "تعزیراتِ پاکستان" چھپ
(A) گئے ہیں (B) گیا ہے (C) گئی ہے (D) چکے ہیں

vii۔ ہم نے جتنے خربوزے خریدے سب کو ........ پایا۔
(A) پھیکے (B) پھیکے جیسا (C) پھیکا (D) میٹھے

viii۔ قمیض شلوار یہاں
(A) رکھے ہیں (B) رکھی ہے (C) رکھا ہے (D) پڑے ہیں

ix۔ ........ محنت کرو گے تو پاس ہو جاؤ گے۔
(A) اگر (B) چونکہ (C) کیونکہ (D) خواہ

x۔ محنت کرو ............ یہی کامیابی کی کنجی ہے۔
(A) جبکہ (B) کہ (C) چونکہ (D) چنانچہ

(ج) رموزِ اوقاف کے اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجئے۔

xi۔ علامت ختمہ استعمال ہوتی ہے۔
(A) درمیان جملے (B) مخاطب کرنے کیلئے (C) جملہ مکمل ہونے پر (D) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ پر

xii۔ ( : ) علامت ہے۔
(A) تفصیلیہ کی (B) وقفہ کی (C) رابطہ کی (D) ندائیہ کی

xiii۔ الفاظ (درج ذیل ۔ حسب ذیل) کے بعد کونسی علامت آئے گی؟
(A) خط کی (B) وقفہ کی (C) تفصیلیہ کی (D) رابطہ کی

xiv۔ ؟ علامت ہے۔
(A) سوالیہ کی (B) واوین کی (C) ختمہ کی (D) سکتہ کی

xv۔ فجائیہ کی تعریف ہے۔
(A) فقرے کی تکمیل (B) مختصر ٹھہراؤ (C) کسی کو پکارنا (D) جذبات کا اظہار

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست استعمال کا انتخاب کیجئے۔

xvi۔ رہنا
(A) اسلم ملتان رہتا ہے (B) اکرم یہاں آتا رہتا ہے (C) مجھے ابھی یہاں رہنا ہے (D) تم یہاں رہو

xvii۔ کرنا
(A) سبق یاد کرو (B) وہ یہاں آیا کرتا ہے (C) یہ کام کرو (D) کچھ کام تم بھی کرو

xviii۔ پانا
(A) محسن نے مقصد پالیا (B) اسلم نے انعام پایا (C) وہ ابھی کام ختم نہیں کر پایا (D) مزدور نے تنخواہ پائی

xix۔ ہونا
(A) تم کون ہو (B) تمہارا کام ہو گیا ہے (C) شیر جنگل میں ہوتا ہے (D) تم نے میری بات مانی ہوتی

xx۔ ڈالنا
(A) پانی جگ میں ڈالنا (B) کپڑے تھیلے میں ڈال دو (C) تیری جدائی نے مار ڈالا (D) ہم نے مل کر جھگڑا ڈالا



www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

Roll No ________________ Annual 2016

اردو (لازمی) (انٹر پارٹ II، کلاس بارہویں) پرچہ : II

گروپ : I

وقت : 2.40 گھنٹے (انشائی) کل نمبر : 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4+4+1+1=10

سر بہ سر مہر و مُروّت ، سر بہ سر صدق و صفا — سر بہ سر لطف و عنایت ، سر بہ سر ، خیر البشرؐ

صاحبِ خُلقِ عظیم و صاحبِ لطفِ عمیم — صاحبِ حق ، صاحبِ شقُ القمر ، خیر البشرؐ

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3+3+3+1=10

کیا غم خوار نے رُسوا ، لگے آگ اس محبت کو — نہ لاوے تاب جو غم کی ، وہ میرا راز داں کیوں ہو

یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے — ہوئے تم دوست جس کے ، دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو

یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں — عدو کے ہو لیے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو

## (حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10+3+1+1=15

(الف) میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مُثّیٰ" بننے کی توفیق دے، جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔ میرے لیے اس سپہ سالار کی جان کی کوئی قیمت نہیں جو اُسے اپنے سپاہیوں کی تلواروں کے پہرے میں چھپا کر رکھتا ہے اور اپنے بہادروں کو جان کی بازی لگانے کے بجائے جان بچانے کی ترغیب دیتا ہے۔

(ب) تھوڑی دیر میں مولانا ظفر علی خاں کھٹ کھٹ کرتے تشریف لائے۔ میں نے اُنھیں اس سے پہلے نہیں دیکھا تھا۔ تصویریں ضرور دیکھی تھیں لیکن تصویروں سے کسی شخص کی صورت شکل کے متعلق صحیح اندازہ نہیں کیا جاسکتا، بہرحال اتنا تو یقین تھا کہ ان کی توند تو ضرور بڑھی ہوئی ہوگی۔ آخر جب معمولی کارکنوں کا قبہ شکم گنبدِ فلک سے ہمسری کرتا ہے تو مولانا ظفر علی خاں کو جنھیں آل انڈیا لیڈر کی حیثیت حاصل ہے، ایک عدد گرانڈیل توند کا مالک ہونا چاہیے لیکن اُنھیں دیکھ کر سخت مایوسی ہوئی کہ توند نہ عمامہ، آخر یہ کیسے مولانا اور کیسے لیڈر ہیں؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ 9+1=10

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) پہلی فتح

5۔ مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) ماحولیاتی آلودگی: وجوہات ، روک تھام (iii) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کیلیے

7۔ دوست کو بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے خط لکھیے۔ 10

سائیوال

Roll No_______________ Annual 2018

اردو (لازمی) | انٹر پارٹ II ، کلاس بارہویں (I) | پرچہ : II
---|---|---
وقت : 20 منٹ | (معروضی) | گروپ : II
 | Code : 8022 | نمبر : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C،B،A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. (الف) دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔

1۔ عمرؓ بن عبدالعزیز مذہب کی تصویر تھے۔
(A) عملی (B) مجسم (C) مکمل (D) جامع

2۔ سرسید احمد خاں کا انتقال ہوا۔
(A) 1885ء (B) 1878ء (C) 1898ء (D) 1901ء

3۔ محمد بن قاسم سپہ سالار بنے تو اُن کی عمر تھی۔
(A) سترہ سال (B) انیس سال (C) اکیس سال (D) تئیس سال

4۔ خدا کسی شریف انسان کو نہ لے جائے۔
(A) ہوائی (B) کلکتہ (C) ہانگ کانگ (D) ہونولولو

5۔ دریائے کابل بیچوں بیچ بہتا ہے۔
(A) گاؤں کے (B) قصبے کے (C) پہاڑوں کے (D) شہر کے

(ب) مطابقت اور حروف کے اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔

6۔ گھر عورت کی سلطنت
(A) ہوتی ہے (B) ہوتا ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتی ہیں

7۔ زندگی کھیل اور تماشا نہیں
(A) ہوتی (B) ہوتا (C) ہوتے (D) ہوتیں

8۔ علی نے کاغذ ، قلم اور پنسلیں
(A) خریدی (B) خریدا (C) خریدیں (D) خریدے

9۔ وہ گھر نہ گیا۔۔۔۔۔۔۔کالج چلا گیا۔
(A) اگرچہ (B) جبکہ (C) جب (D) بلکہ

10۔ اگرچہ وہ میرا بیٹا ہے۔۔۔۔۔۔۔نافرمان ہے:
(A) لیکن (B) بلکہ (C) چاہیے (D) کیونکہ

(ج) رموزِ اوقاف کے اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے دُرست جواب کا انتخاب کیجیے۔

11۔ مکمل ٹھہراؤ کی علامت ہے:
(A) سکتہ (B) وقفہ (C) فجائیہ (D) ختمہ

12۔ فجائیہ کی علامت ہے:
(A) ! (B) : (C) ۔ (D) :-

13۔ جملہ معترضہ کے دونوں طرف علامت لگاتے ہیں:
(A) واوین (B) خط (C) سکتہ (D) وقفہ

14۔ حیرت کا اظہار کرنا ہو تو علامت لگاتے ہیں:
(A) ندائیہ (B) رابطہ (C) استفہامیہ (D) ختمہ

15۔ سکتہ کی تعریف ہے:
(A) مکمل ٹھہراؤ (B) سب سے کم ٹھہراؤ (C) خوشی کا اظہار (D) تفصیل کیلئے

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے دُرست استعمال کا انتخاب کیجیے۔

16۔ دینا
(A) اللہ رزق دیتا ہے (B) ذرا قلم دینا (C) میں نے خط لکھ دیا (D) وہ کتاب دے گیا

17۔ ڈالنا
(A) گلاس میں پانی ڈالو (B) مہنگائی نے مار ڈالا (C) مصیبت نہ ڈالو (D) کتاب بستے میں ڈال دو

18۔ رکھنا
(A) اُس نے قبضہ جما رکھا ہے (B) میں نے قلم رکھا (C) دوسروں کا خیال رکھو (D) کرسی یہاں رکھ دو

19۔ رہنا
(A) آپ کہاں رہتے ہیں (B) آج کام رہنے دو (C) وہ بس سے رہ گیا (D) سورج طلوع ہو رہا ہے

20۔ چُکنا
(A) میں کھانا کھا چکا (B) میں نے حساب چکا دیا (C) چکنا برا تھا اچھا نہیں (D) اُسے قرض چکانا پڑا

☆ 302 - 418 -17000

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

Roll No______________ Annual 2018

اردو (لازمی) (انٹر پارٹ II، کلاس بارہویں) پرچہ : II

گروپ : II

وقت : 2.40 گھنٹے (انشائی) نمبر : 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4+4+1+1=10

بہار آئی کھلے گُل زیبِ صحنِ بوستاں ہو کر عنادل نے مچائی دھوم سر گرمِ فغاں ہو کر

بچھا فرشِ زمرد اہتمامِ سبزۂ تر میں چلی مستانہ وش بادِ صبا عنبر فشاں ہو کر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3+3+3+1=10

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دیدوادید جو ہو جائے، غنیمت سمجھو جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

بے ہنر، دشمنِ اہلِ ہنر ہے، آ کر منہ پہ چڑھتے تو ہیں، پر جی سے اُتر جاتے ہیں

## (حصہ دوم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10+3+1+1=15

(الف) مزاج دار نے بہت خاطر داری سے کٹن کو پاس بٹھایا اور سب چیزیں دکھائیں۔ سرمہ اور ناہو علی دو چیزیں پسند کیں۔ کٹن نے مزاج دار کو باتوں ہی باتوں میں تاڑ لیا کہ یہ عورت جلد ڈھب پر چڑھ جائے گی۔ ایک پیسے کا بہت سا سرمہ تول دیا اور دو آنے کو ناہو علی حوالے کی اور فیروزے کی ایک انگوٹھی تبرک کے طور پر اپنے پاس سے مفت دی۔ مزاج دار ریجھ گئی۔

(ب) ایوب صاحب بددل نہ ہوں، آپ کا کوئی قصور نہیں، قصور ہے تو صرف اتنا کہ آپ خوش حال اور نیک نام کیوں ہیں۔ ہمارے آپ کے اعزہ کے دلوں سے نیکی اور فیاضی اٹھالی گئی ہے۔ اغیار کو تو یہ مسرور اور یا فراغت دیکھ کر خوش ہوں گے اور فخر کریں گے لیکن اپنوں کو کھاتا پیتا یا ہنستا بولتا دیکھ کر غم وغصہ کے انگاروں پر لوٹنے لگیں گے۔ یہ اپنے کھاتے کماتے عزیز کو غاصب سمجھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ آپ نے اُن نعمتوں پر قبضۂ مخالفانہ کر رکھا ہے جو بہ صورتِ دیگر ان کے قبضہ میں آتیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ 9+1=10

(i) دستک (ii) مولانا ظفر علی خاں

5۔ نصاب میں شامل نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) والدین کا احترام (ii) محنت کی عظمت (iii) سائنس کے کرشمے

7۔ دوست کے نام خط لکھیے جس میں اُس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیجیے۔ 10

302 - 418 - 17000

www.pakcity.org